بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔انہوں نے اجلاس میں بتایا کہ وہاں پر صرف عربی زبان کا ایڈوانس کورس جاری ہے اور آئندہ سال بھی صرف اسی کے جاری رہنے کا پروگرام ہے۔اس کورس کے ایک سال میں تین سمسٹرز ہوتے ہیں۔اس کورس میں پڑھائی جانے والی کتب کی فہرست بھی انہوں نے پیش کی۔ جناب صدر موسس نے فہرست ملاحظہ فرمائی اور بتایا کہ یہ کورس کسی خصوصی افادیت اور اہمیت کا حامل نہیں۔آپ نے مزید یہ فرمایا کہ ہمارے لئے قرآن کالج کا اصل غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے جس مقصد کے لئے قرآن کالج بنایا تھا اس کی جانب پیش رفت کی بجائے اس سے دور ہوتے جارہے ہیں۔

☆ فیصلہ کے مطابق مرکزی انجمن خدام القرآن کے یونائیٹڈ بینک لمٹیڈ (U.B.L) میں تمام اکاؤنٹس ختم کردیئے گئے ہیں اور یہ اکاؤنٹس مسلم کمرشل بینک لمٹیڈ (M.C.B.) میں کھول دیئے گئے ہیں۔

© rasailojaraid.

☆ قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس میں تجویز کے مطابق فزکس (Physics) کا مضمون شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ آئندہ داخلوں کے موقع پر طلبہ کو ایک نئے اور بہتر Combination کے چناؤ کا موقع مل سکے گا۔

☆ قرآن اکیڈمی کے رہائشی فلیٹس میں الگ گیس میٹرز اور گیزز وغیرہ لگوانے کے فیصلہ کو بعض عملی دشواریوں کی وجہ سے ختم کردیا گیا ہے۔ جناب صدر موسس کی اجازت سے فی الحال سابقہ انتظام جاری رہے گا۔

## مرکزی انجمن کی اپریل تا جون 2001ء سرگرمیوں کے اہم نکات:

جناب محمود عالم میاں صاحب مدیر عمومی نے انجمن کی گزشتہ سہ ماہی کے دوران کارکردگی کے اہم نکات اجلاس میں بیان کئے۔ان میں مندرجہ ذیل اہم امور شامل تھے:

(1) ہفتہ وار درس قرآن (2) رپورٹ اکیڈمک ونگ (3) رپورٹ شعبہ انگریزی (4) رپورٹ قرآن کالج (5) رپورٹ خط وکتابت کورسز (6) رپورٹ شعبہ حفظ (7) رپورٹ مکتبہ انجمن (8) نئی رکنیت۔

© rasailojaraid.

# مرکزی انجمن کی سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ

## (اپریل تا جون 2001ء)

### (1) ہفتہ وار درس قرآن:

گزشتہ سہ ماہی میں قرآن آڈیٹوریم میں محترم صدر موسس کا ہفتہ وار درس قرآن ہر اتوار کی صبح 10 بجے جاری رہا۔ ہر ماہ کے پہلے اتوار محترم صدر موسس لاہور سے باہر ہوتے ہیں' لہٰذا اس روز ڈاکٹر عارف رشید صاحب درس قرآن دیتے ہیں۔

### (2) اکیڈمک ونگ:

جرائد کی اشاعت: شعبہ اکیڈمک ونگ کے زیر اہتمام شائع ہونے والے جرائد ہفت روزہ ندائے خلافت' ماہنامہ میثاق اور ماہنامہ حکمت قرآن اس عرصہ کے دوران باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

کتب کی اشاعت: اس عرصہ میں درج ذیل کتب نظر ثانی کے بعد شائع کی گئیں:

1-اسلام میں عدل اجتماعی کی اہمیت' 2- قرآن حکیم کی قوت تسخیر (عام ایڈیشن)' 3- آسان عربی گرامر (حصہ سوم) 4- راہ نجات (انگریزی)' 5- خواتین کے دینی فرائض۔

الہدیٰ کیسٹ سیریز کے کتابچے نمبر 14' 15' 16 اور 17 شائع کئے گئے۔

کتاب ''امت مسلمہ کی عمر'' اور ''اسلام کا قانون ارتداد'' طباعت کے مراحل میں ہیں۔

### (3) شعبہ انگریزی:

1) روزانہ ای میل کی وصولی و ترسیل۔

2) انگریزی پریس ریلیز (خطاب جمعہ) کی اندرون ملک و بیرون ملک بذریعہ ای میل ترسیل۔

3) مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے اور دوسرے ذرائع سے حاصل شدہ ''آرٹیکل'' کی کمپوزنگ اور ایڈیٹنگ برائے اشاعت ندائے خلافت (ہفتہ وار انگریزی صفحہ)

4) انگریزی کتاب ''The Way to Salvation'' کی پرنٹنگ اور اشاعت۔

5) مختلف انگریزی کتابوں مثلاً

"The Objective and Goals of Muhammad's Prophethood"

© rasailojaraid.

"Calling People unto Allah"

اور

"Comprehensive Concept of Religious Duties"

کی تیاری برائے پرنٹنگ واشاعت۔

6) قرآنک ہورائزنز(Quranic Horizons) اکتوبر-دسمبر 2000ء کی تیاری برائے پرنٹنگ واشاعت۔

7) مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے مضامین کے بطور Rejoinder جوابات کی کمپوزنگ، ایڈیٹنگ اور بذریعہ ای میل ترسیل۔

## (4) قرآن کالج

(1) آئی سی ایس، آئی کام، ایف اے آرٹس گروپ اور ایف اے جنرل سائنس سال دوم کے مجموعی طور پر 59 طلبہ بورڈ کا امتحان دے کر فارغ ہو چکے ہیں۔ اسی طرح بی اے سال دوم کے 4 طلبہ بھی یونیورسٹی کا امتحان دے کر فارغ ہو چکے ہیں۔ اس طرح اس وقت قرآن کالج میں طلبہ کی مجموعی تعداد 74 ہے۔

(2) سالانہ تقریب تقسیم انعامات یکم مئی کو منعقد ہوئی جس میں طلبہ کو انعامات دیئے گئے۔

(3) محکمہ تعلیم پنجاب نے کالج کی رجسٹریشن میں دو سال کی توسیع کر دی ہے۔

(4) سیکنڈری بورڈ کو کالج کے الحاق کی توسیع کے لئے درخواست دی ہوئی ہے' ان شاء اللہ امید ہے کہ چند دنوں تک ایک سال کی توسیع مل جائے گی۔

(5) 18 جون سے کالج میں موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز ہو چکا ہے۔

## (5) خط و کتابت کورسز

اپریل تا جون 01ء کے دوران شعبہ خط و کتابت کورسز میں 64 طلبہ کا اضافہ ہوا۔ اس میں ''فکری و عملی راہنمائی کورس'' میں 16، عربی گرامر کورس حصہ اول میں 17، حصہ دوئم میں 3، حصہ

© rasailojaraid
© rasailojaraid

سوئم میں 2 اور ترجمہ قرآن کریم کورس میں 26 طلبہ شامل ہیں۔

**(6) شعبہ حفظ**

گزشتہ تین ماہ میں چھ بچوں نے حفظ قرآن کی تکمیل کی۔ اس شعبہ کو چونکہ بتدریج ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا تھا لہٰذا اس میں کوئی نیا داخلہ نہیں کیا گیا اور اب اسے 30 جون 01ء سے ختم کردیا جائے گا۔

**(7) مکتبہ انجمن**

گزشتہ سہ ماہی کے دوران -/218206 روپے کی کتب اور -/306320 روپے کی کیسٹس فروخت ہوئیں۔

ماہنامہ میثاق، حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی خریداروں اور ایجنسیوں کو (اشاعت کے فوراً بعد) بلاتاخیر ترسیل کا کام عمدگی سے جاری رہا۔ قرآن آڈیٹوریم میں ہفتہ وار درس قرآن کے موقع پر کتب و کیسٹس کے سٹال کا اہتمام بھی باقاعدگی سے کیا جاتا رہا۔

**(8) نئی رکنیت**

اپریل تا جون 01ء کے عرصہ میں مرکزی انجمن میں 10 ارکان کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 4 کا تعلق حلقہ محسنین، 2 کا مستقل ارکان اور 4 کا حلقہ عام ارکان سے ہے۔

☆ ☆ ☆

**دیگر امور :**

☆ ڈاکٹر نسیم الدین خواجہ صاحب نے توجہ دلائی کہ یکم مئی کو قرآن کالج میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات ہوئی۔ مناسب یہ تھا کہ اراکین مجلس شوریٰ کو اس کی اطلاع دی جاتی تا کہ وہ بھی اس میں شمولیت اختیار کرتے۔ اسی طرح انجمن یا کالج کے زیر اہتمام دیگر فنکشنز کی بھی اطلاع

© rasailojaraid

اراکین مجلس کو ہونی چاہئے۔ طے یہ ہوا کہ آئندہ ایسی اطلاع بھیجنے کا انتظام کیا جایا کرے بلکہ ان کی معلومات کیلئے انجمن کی کارکردگی کی سہ ماہی رپورٹ بھی ان کو ارسال کی جایا کرے۔

☆ ڈاکٹر نسیم الدین خواجہ صاحب نے کافی عرصہ پہلے جناب صدر موسس کے خدمت خلق کے موضوع پر طبع شدہ مضمون کے حوالہ سے توجہ دلائی کہ افادہ عام کے لئے اس طرح کے مضامین کی اخبارات میں گاہے بگاہے اشاعت کا انتظام کرتے رہنا چاہئے۔

## قارئین نوٹ فرمالیں

چند ماہ پیشتر حکومت پاکستان کی طرف سے ڈاک کے اخراجات میں یکلخت غیر معمولی اضافہ کر دینے کے باعث ماہنامہ ''حکمت قرآن'' کے سالانہ زرِ تعاون میں اضافہ عمل میں لایا جا رہا ہے۔ مزید برآں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کاغذ اور طباعت کے نرخوں میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے جس کے پیش نظر ''حکمت قرآن'' کی فی شمارہ قیمت میں اضافہ کرنا بھی ایک ناگزیر ضرورت ہے۔

واضح رہے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران شمارے کے نرخ میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ قارئین نوٹ فرمالیں کہ شمارہ ہذا سے ''حکمت قرآن'' کی فی شمارہ قیمت -/8 کے بجائے -/10 روپے ہوگی۔ سالانہ زرتعاون کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| اندرون ملک | -/100 روپے |
| ایشیا، یورپ، افریقہ وغیرہ | -/700 روپے |
| امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ | -/900 روپے |

سرکولیشن مینیجر

ماہنامہ ''حکمت قرآن'' لاہور

© rasailojara
© rasailojara
© rasailojara

# تعارفِ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

کتاب : غلطیوں کی اصلاح کا نبویؐ طریق کار

مصنف : علامہ محمد صالح المنجد

ترجمہ و تفہیم : عطاء اللہ ساجد

صفحات : 144

قیمت : 60 روپے

ناشر : نور اسلام اکیڈمی، پوسٹ بکس 5166، ماڈل ٹاؤن، لاہور

© rasailojarai

کسی کی غلطی کی اصلاح کرنا بڑا حساس معاملہ ہے' کیونکہ اگر اس کے لئے بے موقع یا نامناسب اقدام کیا جائے تو اصلاح کی بجائے بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔ ایک شخص کی غلطی پر تنبیہ کے لئے ایک انداز بہتر ہوتا ہے جبکہ دوسرے آدمی کے لئے دوسرا اسلوب صحیح ہوتا ہے۔ اس لئے انتہائی خلوص کے ساتھ غلطی کی اصلاح کے لئے بھی حکمت اور دانائی سے کام لینا بہت ضروری ہے۔

مصنف نے غلطیوں کی اصلاح کے لئے نبوی طریق کار کی وضاحت کرتے ہوئے درجنوں واقعات سیرتِ طیبہ سے نقل کئے ہیں اور ہر واقعہ پر غلطی کی اصلاح کا نبویؐ طریق کار واضح کیا ہے۔ کسی جگہ رسول اللہؐ نے غلطی کا احساس دلانے پر ہی اکتفا کیا ہے تو کسی جگہ سخت رویہ بھی اختیار کیا ہے۔ کسی جگہ غلط عمل کرنے والے کو دوبارہ وہی کام صحیح انداز میں کرنے کا حکم دیا ہے تو کسی جگہ بائیکاٹ کو غلطی کی اصلاح کیلئے موزوں سمجھا ہے۔ اسی طرح اصلاح کے اس عمل میں انسان کی فطری کمزوریوں کو بھی ملحوظِ خاطر رکھا۔ عورتوں کے معاملہ میں خاص طور پر مردوں کو ہدایت کی کہ اُن کے ٹیڑھے پن کو نرمی سے سیدھا کرنے کی کوشش کریں۔

اسی طرح اصلاح کا جذبہ خواہ کتنا ہی پُرخلوص کیوں نہ ہو غلطی کی نوعیت اور غلطی کرنے والے کی شخصیت کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہئے۔

بہر حال مصنف نے عنوان کے ساتھ پورا پورا انصاف کیا ہے اور رسول اللہؐ کے سامنے

© rasailojarai